Ghazanfer Ali Khadam

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر
محکمہ سماجی بہبود

☆☆☆

رجسٹریشن بیوہ/طلاق یافتہ خواتین، یتیم، معذور افراد، خواجہ سرا اور بزرگ افراد

حکومت آزاد جموں وکشمیر نے حال ہی میں معاشرے کے کمزور افراد کی فلاح و بہبود کے لیے سوشل پروٹیکشن پروگرام جاری کیا ہے، جس کے تحت ایسی بیوہ/طلاق یافتہ خواتین، یتیم، معذور افراد، خواجہ سرا اور ایسے بزرگ افراد جو 65 سال یا اس سے زائد عمر کے ہوں اور جن کی معقول کفالت کا کوئی انتظام نہ ہو، انھیں متذکرہ پروگرام میں شامل کیا جانا مطلوب ہے۔ لہذا، بذیل افراد اپنے کوائف مقررہ درخواست فارم پر متعلقہ ضلع کے "سوشل ویلفیئر آفیسر" کے دفتر میں مورخہ 26.08.2024 تک جمع کرواسکتے ہیں۔

i) **بیوہ خواتین**: جو اکیلی ہوں اور وہ خود یا اُن کے زیر کفالت افراد یا جن کے ہاں وہ رہائش پذیر ہوں، کے پاس ایسا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو، جس سے وہ کم سے کم ضروریات زندگی پوری کر سکیں۔

ii) **یتیم**: ایسے بچے اور بچیاں جو 21 سال سے کم عمر ہوں اور وہ خود یا اُن کا کوئی دیگر فیملی ممبر یا جن کے ہاں وہ رہائش پذیر ہوں، کا ایسا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو، جس سے وہ کم سے کم ضروریات زندگی پوری کر سکیں۔

iii) **معذور افراد**: ایسے ذہنی اور جسمانی طور پر معذور افراد جو روزی کمانے کے اہل نہ ہوں اور اُن کی معذوری کا سرٹیفکیٹ میڈیکل بورڈ کی سفارشات پر محکمہ سماجی بہبود سے جاری شدہ ہو۔ اگر سرٹیفکیٹ جاری شدہ نہ ہو تو وہ اندر ایک ماہ تک مطلوبہ سرٹیفکیٹ مہیا کرنے کے پابند ہوں گے۔

iv) **خواجہ سرا**: میڈیکل بورڈ سے تصدیق شدہ افراد جو اپنا کم از کم معیاری زندگی برقرار رکھنے کے اہل نہ ہوں۔

v) **طلاق یافتہ خواتین**: جو اکیلی ہوں اور وہ خود یا اُن کے زیر کفالت افراد یا جن کے ہاں وہ رہائش پذیر ہوں، اُن کے پاس ایسا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو، جس سے وہ کم سے کم ضروریات زندگی پوری کر سکیں۔

vi) **بزرگ شہری**: 65 سال یا زائد عمر کے ایسے بزرگ افراد جنہیں نظرانداز کر دیا گیا ہو یا جنہیں کسی معقول ذرائع آمدن کے بغیر ترک کر دیا گیا ہو یا جو اپنی گزر بسر کے لیے معاشرہ کے دیگر افراد کے مرہون منت ہوں یا جن کے ہاں وہ رہائش پذیر ہوں، کوئی معقول ذریعہ معاش نہ رکھتے ہوں۔

شرائط:

i) درخواست گزار ریاستی باشندہ ہونے کے ساتھ ساتھ متعلقہ ضلع میں مستقل سکونت رکھتا ہو۔

ii) درخواست کسی جریدہ آفیسر یا چیئرمین ضلع کونسل/چیئرمین میونسپل کارپوریشن/چیئرمین میونسپل کمیٹی/چیئرمین یونین کونسل/چیئرمین ٹاؤن کمیٹی سے تصدیق شدہ ہو۔

iii) اگر درخواست گزار کسی دیگر پروگرام سے مالی معاونت حاصل کر رہا ہو تو اس کا ذکر کیا جانا ضروری ہوگا۔

iv) غلط معلومات/کوائف کی فراہمی یا تصدیق میں غلط بیانی آزاد پینل کوڈ کی دفعہ 177 کے تحت قابل تعزیر جرم ہے۔ جس کے لیے سزائے قید و جرمانہ عائد ہوگی۔

سیکرٹری سماجی بہبود/
سوشل پروٹیکشن بورڈ

مزید معلومات کے لیے درج ذیل فون نمبرات پر رابطہ کریں۔

(ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر 05822-921222 ڈپٹی سیکرٹری، سیکرٹریٹ سوشل ویلفیئر 05822-924225)

<><><>